174932-خاوند کی اجازت کے بغیر بال کاٹنے اور رنگ لگانا

سوال

کیا خاوند بیوی کو بال رنگنے اور کاٹنے سے روک سکتا ہے ؟

اور کیا بیوی خاوند کی مرضی کے بغیر اس دلیل کے ساتھ ایسا کر سکتی ہے کہ اس نے حرام کام تو نہیں بلکہ مباح کام کیا ہے ؟

اگر خاوند بیوی کو معصیت کا حکم نہ دے تو خاوند کی اطاعت کی حدود کیا ہیں ؟

پسندیدہ جواب

اول :

بیوی پر خاوند کی اطاعت واجب ہے؛
کیونکہ خاوند کو عورت پر حق نگرانی و حکمرانی حاصل ہے :

اللہ تعالی کا فرمان ہے :

{مرد عورتوں نگران و حکمران ہیں}

النساء(34).

ابن کثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"علی بن ابو طلحہ نے ابن عباس رضی اللہ تعالی سے بیان کیا ہے :

مرد عورتوں پر نگران و حکمران ہیں :
یعنی وہ ان پر حاکم ہیں اللہ تعالی نے جس میں خاوند کی اطاعت کا حکم دیا ہے اس میں اس کی اطاعت کی جائیگی، اور خاوند کی اطاعت یہ ہے کہ بیوی اس کے اہل و اولاد اور مال کی محافظ ہو.

سدی اور مقاتل اور ضحاک نے بھی ایسے ہی کہا ہے" انتہی

دیکھیں : تفسیر ابن کثیر (293/2).

خاوند کی اطاعت کے وجوب سے دو چیزیں
مستثنی ہیں :

اول :

اگر خاوند کی اطاعت کے نتیجہ میں
معصیت و نافرمانی ہوتی ہو، یا تو ترک واجب لازم آتا ہو یا پھر حرام کام کا ارتکاب،
تو اس حالت میں عورت کے لیے اپنے خاوند کی اطاعت کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ رسول کریم
صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اللہ تعالی کی معصیت میں کسی مخلوق
کی اطاعت نہیں"

صحیح بخاری حدیث نمبر (6830) صحیح
مسلم حدیث نمبر (1840).

دوم :

خاوند کی اطاعت کے نتیجہ میں عورت کو
ضرر و نقصان ہو، یا پھر اس کے حقوق کے ضیاع کا باعث بنے، تو اس حالت میں عورت پر
خاوند کی اطاعت واجب نہیں ہوگی، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اطاعت و فرمانبرداری تو نیکی و
اطاعت میں ہے"

اور ایک حدیث میں رسول کریم صلی اللہ
علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"نہ تو خود نقصان اٹھاؤ اور نہ ہی
کسی دوسرے کو نقصان دو"

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر (
97125) کے جواب کا مطالعہ کریں.

دوم :

عورت کے لیے بال کاٹنے اور رنگنے
جائز ہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ یہ کٹنگ مردوں یا پھر کافر عورتوں یا فاسق و فاجر
عورتوں کے مشابہ ہو، اور سیاہ رنگ نہ کیا جائے.

عورتوں کا بال کاٹنا اور رنگنے کا
حکم سوال نمبر (139414) اور (
82671) کے جواب میں تفصیل سے بیان
کیا گیا ہے آپ اس کا مطالعہ کریں.

اور اگر خاوند بال کاٹنے اور رنگنے
کی اجازت نہیں دیتا تو پھر عورت کے لیے ایسا کرنا جائز نہیں؛ کیونکہ اسے خاوند کی
اطاعت کا حکم جب تک اطاعت کے نتیجہ میں معصیت نہ ہوتی ہو، اور اس لیے بھی کہ خاوند
کا حق ہے کہ بیوی اس کے لیے بناؤ سنگھار اور خوبصورتی اختیار کرے، اور بلاشک و شبہ
عورت کے بال عورت کی خوبصورتی و جمال میں اضافہ کرتے ہیں.

واللہ اعلم .